DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

SATURDAY, SEPTEMBER 28, 2024

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

# وفاقی محتسب ٹیم کا اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ

## بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولیات، ڈومیسٹک روانگی، آمدزونز کا جائزہ

راولپنڈی (خبرنگار) وفاقی محتسب ٹیم کا اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ، سہولیات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب ٹیم کی قیادت سینئر ایڈوائزر آصف شاہ اور شکایات کمشنر ڈاکٹر انعام الحق جاوید کررہے تھے۔ ایئرپورٹ منیجر آفتاب گیلانی نے ٹیم کو بریفنگ دی، ٹیم مسافروں بالخصوص بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو دستیاب سہولیات اور خدمات اور بین الاقوامی اور ڈومیسٹک روانگی اور آمد زونز کا جائزہ لیا، محتسب ٹیم نے امیگریشن، کسٹمز انفارمیشن ڈیسک، اسکرینز، سائنیج، اے ایس ایف، بیگیج ہولڈ، جوائنٹ سرچ ایریا اور ون ونڈو فیسیلیٹیشن ڈیسک (OWFD) آپریشنز کا بھی جائزہ لیا، محتسب ٹیم نے امیگریشن حکام سمیت بین الاقوامی اور ڈومیسٹک دونوں جگہوں پر مسافروں سے بات چیت کی اور اسلام آباد ایئرپورٹ پر انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔



وفاقی محتسب ٹیم اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے دورہ پر سہولیات کا جائزہ لے رہی ہے